**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**26 ستمبر 2023ء**

# پریس ریلیز

## اسرائیل کو تسلیم کرنا اسلام، فلسطینی مسلمانوں اور نظریۂ پاکستان سے غداری ہوگی۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** اسرائیل کو تسلیم کرنا اسلام، فلسطینی مسلمانوں اور نظریۂ پاکستان سے غداری ہوگی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے اس بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ امریکہ کے تعاون سے اسرائیل اور سعودی عرب کے مابین تعلقات قائم کرنے کی خبریں سامنے آرہی ہیں اور سعودی عرب کے ولی عہد نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔ کہا یہ جارہا ہے کہ مجوزہ ڈیل کے تحت فلسطینی مسلمانوں کے لیے مراعات حاصل کی جائیں گی۔ حقیقت یہ ہے کہ صیہونی اسرائیل ڈھٹائی کے ساتھ اپنے اس اعلان پر قائم ہے کہ مغربی کنارے اور یروشلم سمیت ارض مقدس پر صرف یہودیوں کا قبضہ ہوگا۔ یروشلم یہودی ریاست کا غیر منقسم دارالحکومت ہوگا۔ لہٰذا مسلمان ارض مقدس کے حوالے سے اپنے ماضی اور دینی تعلیمات کو بھول جائیں۔ اسرائیل کی بالادستی کو تسلیم کریں بصورتِ دیگر علاقے سے نکل جائیں۔ اسرائیل کے وزیرِاعظم نتن یاہو نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس میں اپنے خطاب کے دوران اسی منصوبے کو دہرایا ہے۔ پھر یہ کہ مسجد اقصیٰ اور فلسطینیوں کی آبادیوں پر صیہونی فوج، پولیس اور یہودی آبادکاروں کے حملے تواتر سے جاری ہیں۔ صیہونیوں کے گریٹر اسرائیل کے ناپاک منصوبہ میں مدینہ منورہ پر (خاکم بدہن) قبضہ بھی شامل ہے۔

اسرائیل کو تسلیم کیے جانے کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں نگران وزیر خارجہ پاکستان جلیل عباس جیلانی کے اس بیان پر کہ پاکستان اپنے ملکی مفاد اور فلسطینی عوام کو مد نظر رکھ کر کوئی فیصلہ کرے گا، امیر تنظیم نے کہا کہ کیا حکومت پاکستان کو معلوم نہیں کہ اسرائیل کے حوالے سے پاکستان کی پالیسی دینی تعلیمات اور بانیانِ پاکستان کے دوٹوک مؤقف کی روشنی میں روزِاوّل سے طے شدہ ہے۔ قائدِاعظم نے اسرائیل کو مغرب کی ناجائز اولاد قرار دیا تھا۔ شہید لیاقت علی خان نے ایک ایسے وقت میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مطالبہ کو رد کر دیا تھا جب نوزائیدہ پاکستان کو سخت معاشی مشکلات کا سامنا تھا اور امریکہ کے یہودی اسرائیل کو تسلیم کرنے کے عوض پاکستان کے لیے اپنے خزانوں کا منہ کھول دینے کے لیے تیار تھے۔ امیر تنظیم نے حکومت اور ریاستی اداروں کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام کسی صورت میں ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاستِ پاکستان دوٹوک انداز میں اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کا اعلان کرے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

## PRESS RELEASE: 26 September 2023

**"Recognizing Israel would be an act of betrayal towards Islam, the Palestinian Muslims, and the ideology of Pakistan."**

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): Recognizing Israel would be an act of betrayal towards Islam, the Palestinian Muslims, and the ideology of Pakistan.**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami**, Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer expressed immense concern over the recent news regarding the normalizing of relations between Saudi Arabia and Israel with support from the US, with the Crown Prince of Saudi Arabia also affirming the development. The supposed course of action is that 'concessions' will be obtained for the Palestinians as part of the proposed deal. The reality is that Zionist-backed Israel is adamant on its claim that only the Jews will occupy the Holy Land, including the West Bank and Jerusalem. Jerusalem will be the undivided capital of their Jewish state, therefore, Muslims around the world should disregard their historical and religious teachings regarding the Holy Land. Moreover, they should recognize Israel's sovereignty or leave the area altogether. Israel's Prime Minister, Benjamin Netanyahu, reemphasized this very proposition in his address at the 78th session of the United Nations General Assembly. Furthermore, the Zionist occupation forces, police, and Jewish settlers are constantly attacking the Al-Aqsa Mosque and Palestinian settlements. Annexation of Madinah is also part of the nefarious Zionist ambition of creating a Greater Israel.

Responding to the caretaker foreign minister, Jalil Abbas Jilani's, answer to a question regarding Pakistan's recognition of Israel where he had said that Pakistan would make a decision prioritizing the nation's interests and the Palestinian people, the Ameer of Tanzeem e Islami said that does the government of Pakistan not know that Pakistan's policy regarding Israel is established, from day one, on firm foundations stemming from the Islamic teachings and the verdict of the founders of Pakistan. Quaid-e-Azam had declared Israel the illegitimate child of the West. Liaquat Ali Khan Shaheed had declined recognizing Israel at a time when a nascent Pakistan was facing major economic troubles and US Jewry was willing to open its coffers to Pakistan in exchange for Israel's recognition. The Ameer of Tanzeem e Islami warned the government and state institutions that the Pakistani public will never permit the recognition of the illegitimate Zionist state of Israel. He demanded that the state of Pakistan give a categorical declaration underscoring the policy of non-recognition of Israel.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**